# حاجی غلام محمد اعظم اُردو پرائمری اسکول (سیمی انگلش)

٦۴٦، بھوانی پیٹھ، پونے۔

# بین المدارس مقابلہ

## ۲۲ ستمبر تا ۲۷ ستمبر ۲۰۲۵

| | |
|---|---|
| اُردو نظم خوانی | دینیات احادیث |
| ڈرائینگ | قراءت |
| انگریزی نظم خوانی | دینی تقریر |
| خوشخطی | دینی کوئز |
| مراٹھی نظم خوانی | تقریر |
| انعاماتی جلسہ | |

اس مقابلے میں اپنے طالب علموں کو شریک کریں اور ہمیں ممنون و مشکور کریں۔

مقابلوں کے شرائط / اصول و ضوابط اسی کے ساتھ نیچے منسلک کئے گئے ہیں۔

مقابلوں کا اندراج مندرجہ ذیل ویب سائٹ کے ذریعے ہو گا۔

https://urduprimaryschool.com/RS/

# حاجی غلام محمد اعظم اُردو پرائمری اسکول

## بین المدارس مقابلہ برائے سال 2025

الحمدللہ! ہمیں یہ مسرت بخش اعلان کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ اس سال ہمارے مدرسہ میں ماہِ ستمبر کے دوران انٹر اسکول (بین المدارس) مقابلے منعقد کیے جا رہے ہیں۔

آپ سے مؤدبانہ درخواست ہے کہ اپنے مدرسہ / اسکول کے طلبہ و طالبات کو ان مقابلوں میں شرکت کی اجازت مرحمت فرمائیں اور ہمارے ادارے کو ممنون و مشکور کریں۔

شرکت کے خواہشمند طلبہ / طالبات کے نام اور جن مقابلوں میں شرکت کرنی ہے، ان کی تفصیل ادارے کی ویب سائٹ پر آن لائن جمع کروانی ہو گی۔ (https://urduprimaryschool.com/RS/)

مقابلوں کا آغاز 22 ستمبر 2025ء سے ہو گا۔ طلبہ کے اندراج کی آخری تاریخ 19 ستمبر 2025ء مقرر کی گئی ہے۔

### :مقابلوں کی تفصیلات و شرائط حسبِ ذیل ہیں۔

### 1۔ اُردو نظم خوانی (اول تا چہارم جماعت)

1۔ ہر مدرسے سے ہر جماعت (اول، تا، چہارم) کا ایک ایک طالب علم شامل ہو سکتا ہے (کل 4 طلبہ)۔

2۔ صرف انفرادی نظم پیش کی جائے گی، گروپ نظم کی اجازت نہیں ہو گی۔

3۔ نظم نصابی یا غیر نصابی دونوں ہو سکتی ہے۔

4۔ نظم حرکات و ترنم کے ساتھ پیش کرنا ہو گا۔

5۔ نظم کے مضمون کے لحاظ سے لباس کا انتخاب کریں۔

6۔ جج حضرات کا فیصلہ قطعی و آخری ہو گا۔

### 2۔ ڈرائنگ مقابلہ (اول تا چہارم جماعت)

1۔ ہر مدرسے سے ہر جماعت کا ایک بچہ شریک ہو گا (کل 4 طلبہ)

2۔ رنگین پنسل یا چاک کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔ طلبہ رنگ اپنے ساتھ لائیں۔ پیپر / ڈرائنگ شیٹ مدرسہ فراہم کرے گا۔

3۔ جماعت سوم: عنوان: غبارے والا۔

4۔ جماعت چہارم: عنوان: *Mickey Mouse / Doraemon / Bheem*

5۔ جماعت سوم و چہارم: اپنے دیے گئے عنوان پر ڈرائنگ اور کلرنگ کریں گے۔

6۔ جماعت اول و دوم: فراہم کردہ ڈرائنگ میں رنگ بھرنا ہو گا۔

## 3۔ انگلش نظم خوانی (English Poem Recitation)

1۔ اول تا چہارم جماعت کے لیے؛ شرائط اُردو نظم خوانی کے مطابق ہیں۔

## 4۔ خوشخطی (Handwriting)

1۔ خوشخطی صاف اور خوبصورت لکھی جائے۔

2۔ پنسل و دیگر مواد طلبہ خود ساتھ لائیں۔

## 5۔ مراٹھی نظم خوانی (پہلی اور دوسری جماعت)

1۔ ہر مدرسے سے جماعت اول و دوم کا ایک ایک طالب علم (کل: 2 طلبہ)

2۔ شرائط اُردو نظم خوانی کے مطابق۔

## 6۔ اُردو تقریر (Speech)

1۔ جماعت سوم: عنوان—وقت کی قدردانی

2۔ جماعت چہارم: عنوان— تعلیم کی اہمیت و ضرورت

3۔ مجموعی طور پر مدرسے سے صرف دو طلبہ (سوم و چہارم سے ایک ایک) شریک ہوں گے۔

4۔ مقررہ وقت: 3 منٹ

## 7۔ دینیات

**حدیث گوئی:** جماعت اول: صرف ایک طالب علم؛ ایک منٹ میں زیادہ سے زیادہ احادیث مع ترجمہ سنانا۔

**قرأت مع ترجمہ:** جماعت دوم: صرف ایک طالب علم؛ سورۃ الفیل مع ترجمہ و مختصر تشریح۔

**تقریر:** جماعت سوم: عنوان—"میرے آقا ﷺ کا بچپن" (وقت: 3 منٹ)

**سیرت النبی کوئز:** جماعت چہارم: تین طلبہ پر مشتمل ایک گروپ؛ زبانی کوئز (فراہم کیے گئے 150 سوالات اور جوابات میں سے)

## 8۔ کمپیوٹر مقابلہ

جماعت سوم و چہارم سے ہر ایک سے ایک طالب علم (کل: 2 طلبہ)

جماعت سوم: انگلش ٹائپنگ (English Typing)

جماعت چہارم: PPT بنانا۔ عنوان: (Seven Wonders of the World)

# مقابلوں کی ترتیب

| نمبر شمار | تاریخ | دن | جماعت | وقت | مقابلہ |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 22 ستمبر 2025ء | پیر | اول تا چہارم | صبح 10:00 | اُردو نظم خوانی |
| | | | | | ڈرائنگ |
| 2 | 23 ستمبر 2025ء | منگل | اول تا چہارم | صبح 10:00 | انگلش نظم خوانی |
| | | | | | خوشخطی |
| 3 | 24 ستمبر 2025ء | بدھ | اول و دوم | صبح 10:00 | مراٹھی نظم خوانی |
| | | | سوم و چہارم | | اُردو تقریر |
| 4 | 25 ستمبر 2025ء | جمعرات | اول | (دینیات) صبح 10:00 | حدیث گوئی |
| | | | دوم | | قرأت مع ترجمہ |
| | | | سوم | | تقریر |
| | | | چہارم | | سیرت النبی کوئز |
| 5 | | | سوم | کمپیوٹر صبح 10:00 | English Typing |
| | | | چہارم | | PPT Making |
| 6 | 27 ستمبر 2025ء | سنیچر | - | - | انعامات کی تقریب |

## نوٹ:

مزید معلومات، قواعد وضوابط یا کسی وضاحت کے لیے اسکول کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں یا متعلقہ ذمہ داران سے رابطہ کریں۔

ہم آپ کے طلبہ کے فعال اور بھرپور شرکت کے منتظر ہیں۔

بصد شکریہ و احترامات

(انتظامیہ: حاجی غلام محمد اعظم اُردو پرائمری اسکول)

اسکول موبائل:- 8793580598 ای میل: prin-urduprim@azamcampus.org

حاجی غلام محمد اعظم اردو پرائمری اسکول ( سیمی انگلش )

۶۴۶، بھوانی پیٹھ، گولڈن جُبلی بلڈنگ، پونہ۔۴۱۱۰۴۲

# سیرت النبی ﷺ کوئز

سوال۱: حضور ﷺ کے آنے کی خوشخبری سب سے پہلے کس پیغمبر نے دی؟

جواب: حضرت ابراہیمؑ نے۔

سوال۲: حضور ﷺ حضرت ابراہیمؑ کی کس اولاد میں سے ہیں؟

جواب: حضرت اسماعیلؑ۔

سوال۳: حضور ﷺ کی دادی محترمہ کا نام بتائیے؟

جواب: فاطمہ بنت اسد۔

سوال۴: حضور ﷺ کے نانا محترم کا نام بتائیے؟

جواب: وہب بن عبد مناف۔

سوال۵: حضور ﷺ کی نانی محترمہ کا نام بتائیے؟

جواب: برہ۔

سوال۶: حضور ﷺ کی پیدائش سے تقریباً ۵۰ روز قبل کون سا اہم واقعہ پیش آیا؟

جواب: ابرہہ کا خانہء کعبہ پر حملہ۔ اور اس کی ہلاکت کا واقعہ پیش آیا۔

سوال۷: حضورؐ کے اس چچا کا نام بتایئے جس نے حضورؐ کی دشمنی کی وجہ سے اپنے بیٹوں کو حکم دیا تھا کہ وہ آپؐ کی صاحبزادیوں کو طلاق دے دیں؟

جواب: ابولہب۔

سوال۸: حضورؐ کے اس چچازاد بھائی کا نام بتایئے جس کے لئے آپؐ نے بددعا کی تھی "یا اللہ اپنے کتوں میں سے ایک کتے کو اس پر مسلط کر دے" اور اسے سفر میں ایک شیر نے پھاڑ ڈالا۔؟

جواب: عُتبہ۔ جس نے آپؐ کی صاحبزادی کو طلاق دے دی اور آپؐ سے گستاخی سے پیش آیا تھا۔

سوال۹: حضورؐ کے اس چچا کا نام بتایئے جنہوں نے مسلمان نہ ہونے کے باوجود آپؐ کی بہت خدمت کی اور آپؐ کا پورا ساتھ دیا؟

جواب: ابوطالب۔

سوال۱۰: حضورؐ کے اس چچا کا نام بتایئے جنہوں نے کافی عرصے تک اپنا اسلام چھپائے رکھا اور درِ پردہ آپ کی مدد بھی کرتے رہے تھے؟

جواب: حضرت عبّاسؓ۔

سوال۱۱: حضورؐ کے اس چچا کا نام بتایئے، جو اسلام قبول کرنے کے بعد آپؐ کی زندگی میں شہید ہو گئے تھے؟

جواب: حضرت حمزہؓ۔

سوال۱۲: حضورؐ نے اپنے کس چچازاد بھائی سے یہ فرمایا تھا کہ "تم سیرت اور صورت دونوں میں مجھ سے مشابہت رکھتے ہو"؟

جواب: حضرت جعفرؓ۔

سوال۱۳: حضورؐ کی اس چچی کا نام بتایئے جو آپ کے راستے میں کانٹے بچھایا کرتی تھی؟

جواب: ابولہب کی بیوی امّ جمیل۔

سوال۱۴: حضورؐ نے کس کو "ابوتراب" کا لقب دیا تھا؟

جواب: حضرت علیؓ کو۔

سوال۱۵: حضورؐ کے دادا کا انتقال کس عمر میں ہوا تھا؟

جواب: ۱۱۰ سال کی عمر میں۔

سوال۱۶: حضورؐ کی ولادت باسعادت کس خاتون کے ہاتھوں ہوئی تھی؟

جواب: حضرت شفاءؓ۔

سوال۱۷: حضورؐ کی پیدائش کے وقت موسم کونسا تھا؟

جواب: موسمِ بہار۔

سوال۱۸: حضورؐ مکہ کے کس مقام پر پیدا ہوئے تھے؟

جواب: سُوقُ اللّیل۔

سوال۱۹: جس سال حضورؐ کی پیدائش ہوئی اُس سال کو عام طور پر کیا پکارا جاتا ہے؟

جواب: عامُ الفیل۔

سوال۲۰: حضورؐ کی ولادتِ مبارکہ کے وقت آپؐ کے دادا کہاں تھے؟

جواب: وہ بیت اللہ کے طواف میں مصروف تھے۔

سوال۲۱: حضورؐ کے کس چچا نے آپ کی پیدائش کی خبر سن کر اپنی لونڈی آزاد کی تھی؟

جواب: ابولہب۔

سوال۲۲: ابولہب نے جس لونڈی کو آزاد کیا تھا اسکا نام کیا تھا؟

جواب: ثُویبہ۔

سوال۲۳: آپ کی ولادت کے کتنے دن بعد آپ کا عقیقہ کیا گیا؟

جواب: سات دن بعد۔

سوال۲۴: حضورؐ کو آپ کی والدہ نے کتنے دنوں تک دودھ پلایا تھا؟

جواب: تین، چار دن تک۔

سوال۲۵: حضورؐ کے شقِ صدر کا پہلا واقعہ کب پیش آیا؟

جواب: جب آپؐ کی عمر چار سال کی تھی اور آپ حلیمہ سعدیہؓ کے پاس تھے۔

سوال۲۶: حلیمہ سعدیہؓ کی کتنی اولادیں تھیں اور ان کے نام کیا تھے؟

جواب: چار اولادیں تھیں۔ عبداللہ، امینہ، صدیقہ اور شیما۔

سوال۲۷: حضورؐ کا اسمِ گرامی "محمد" قرآن مجید میں کتنے بار آیا ہے؟

جواب: چار بار۔

سوال۲۸: حضورؐ کا اسمِ گرامی "احمد" قرآن مجید میں کتنی بار آیا ہے؟

جواب: صرف ایک بار۔

سوال۲۹: قرآن مجید کی کس سورۃ میں حضورؐ کا اسم گرامی احمد آیا ہے؟

جواب: سورۃ الصّٰفّات۔

سوال۳۰: حضورؐ نے پہلا سفر کس ملک کا کیا تھا؟

جواب: ملکِ شام۔

سوال۳۱: حضورؐ نے سب سے پہلے کس جنگ میں شرکت کی تھی؟

جواب: جنگِ فجار۔

سوال۳۲: جنگِ فجار کے وقت آپؐ کی عمر کیا تھی؟

جواب: ۱۵ سال۔

سوال۳۳: جنگِ فجار میں آپؐ نے کیا فریضہ انجام دیا تھا؟

جواب: آپ اپنے چچاؤں کو تیر اُٹھا اُٹھا کر دیتے تھے۔

سوال۳۴: حضورؐ نے حضرت خدیجہؓ سے نکاح کے وقت کتنے اونٹ مہر میں دئے تھے؟

جواب: ۲۰ اونٹ۔

سوال۳۵: آنحضرتؐ کی نبوت کا آغاز کیسے ہوا؟

جواب: سچّے خوابوں سے۔

سوال۳۶: مکہ مکرمہ میں پہلا اسلامی مرکز کون سا گھر تھا؟

جواب: دارالارقم۔حضرت ارقمؓ کا گھر۔

سوال۳۷: دارالارقم کا دروازہ ایک بار ایسے شخص نے کھٹکھٹایا تھا جس سے سب خوفزدہ تھےلیکن حضورؐ نے دروازہ کھولا اوراس سے پوچھا کہ کس ارادے سے آئے ہو؟اس پرلرزہ طاری ہوگیا اور بولا اسلام قبول کرنے آیا ہوں۔تو بتایئے کہ وہ شخص کون تھا؟

جواب: حضرت عمر بن خطّاب۔

سوال۳۸: حضورؐ پر مکمل صورت میں نازل ہونے والی پہلی سورۃ کا نام بتایئے؟

جواب: سورۂ فاتحہ۔

سوال۳۹: حضورؐ نے ہجرت کے وقت جس اونٹنی پر سواری کی تھی اس کا نام بتایئے؟

جواب: قصوٰی۔

سوال۴۰: حضرت محمدؐ کے وہ کونسے چچازاد بھائی ہیں جومفسرِ قرآن کہلاتے ہیں؟

جواب: حضرت عبداللہ ابن عباسؓ۔

سوال۴۱: ہجرت کے وقت حضرت محمدؐ کے ساتھ کون تھا؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ۔

سوال۴۲: نبوت کے دسویں سال عام الحزن (غم کا سال) میں حضرت محمدؐ کے خاندان میں سے کس کس کا انتقال ہوا تھا؟

جواب: ۱) آپؐ کے چچا ابوطالب (۲) آپؐ کی اہلیہ حضرت خدیجہؓ

سوال۴۳: حضرت محمدؐ کی وہ کونسی پھوپھی ہیں، جنھوں نے غزوۂ احزاب میں بہادری کی مثال قائم کی اور ایک یہودی کو قتل کردیا؟

جواب: حضرت صفیہؓ۔

سوال۴۴: حضرت محمدؐ چچا ابوطالب کی پرورش میں تھے تو ابوطالب کے گھر میں کھانے کے موقع پر کبھی بچوں میں چھینا جھپٹی ہوجاتی اسوقت آپؐ کیا کرتے تھے؟

جواب: حضرت محمدﷺ ان بچوں سے دور ہٹ کر بیٹھ جاتے۔چھینا جھپٹی کبھی نہ کرتے تھے۔

سوال۴۵: حضرت خدیجہؓ سے نکاح کے وقت آپﷺ کی عمر کتنی تھی؟

جواب: ۲۵ سال۔

سوال۴۶: حضرت خدیجہؓ نے آپؐ کو ایک غلام ہبہ کیا تھا، اس کا نام کیا تھا؟

جواب: حضرت زید بن حارثہؓ۔

سوال ۴۷: :مکّی زندگی میں بعثت سے پہلے لوگ حضرت محمدؐ کو کن الفاظ سے پکارتے تھے؟

جواب: امین اور صادق

سوال ۴۸: خانہ کعبہ کی دوبارہ تعمیر کے وقت حضرت محمدؐ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب: ۳۵ سال۔

سوال ۴۹: حضرت محمدؐ نے اپنی عمر کے چالیسویں سال کا زیادہ تر حصہ کہاں گزارا تھا؟

جواب: غارِ حرا میں۔

سوال ۵۰: وہ کونسی آیات ہیں جن سے پہلی وحی کا آغاز ہوا؟

جواب: سورۂ علق کی ابتدائی پانچ آیات۔

سوال ۵۱: حضرت محمدؐ نے خفیہ تبلیغ کتنے سال تک جاری رکھی؟

جواب: تقریباً تین سال تک۔

سوال ۵۲: سب سے پہلی نماز حضرت محمدؐ نے کس کے ساتھ پڑھی؟

جواب:: حضرت جبرئیلؑ کے ساتھ۔

سوال ۵۳: رسولؐ جب طائف میں تبلیغ اسلام کے لئے گئے تو آپؐ کے ساتھ کون تھا؟

جواب: حضرت زید بن حارثہؓ۔

سوال ۵۴: حضرت محمدؐ نے طائف سے واپسی پر نخلہ کے مقام پر کونسی سورہ تلاوت فرمائی تھی؟ جس کو جنا توں نے بھی سنا تھا۔

جواب: سورۂ رحمٰن۔

سوال ۵۵: حضورؐ کو معراج کب ہوئی تھی؟

جواب: ۲۷ رجب، نبوت کے سویں سال، پیر کے دن، رات کے وقت، ہوئی تھی۔

سوال ۵۶: جب معراج کا واقعہ پیش آیا، اسوقت آپؐ کی عمر کتنی تھی؟

جواب: ۵۱ سال ۹ ماہ۔

سوال ۵۷: حضرت محمدؐ کو کونسی سبزی زیادہ پسند تھی؟

جواب: کدّو۔

سوال ۵۸: کونسا تیل حضرت محمدؐ زیادہ پسند فرماتے تھے؟

جواب: زیتون۔

سوال ۵۹: حضرت محمدؐ کی مشہور تلوار کا نام کیا تھا؟

جواب: ذوالفقار۔
سوال۶۰: حضرت محمدؐ نے کن چیزوں کے بارے میں فرمایا کہ اگر انہیں کوئی پیش کرے تو قبول کرنا چاہیئے؟
جواب: ۱) خوشبو، ۲) تکیہ، ۳) دودھ۔
سوال۶۱: سفر پر روانہ ہونے سے پہلے حضرت محمدؐ کیا کرتے تھے؟
جواب: دو رکعت نماز نفل ادا کرتے اس کے بعد سفر فرماتے۔
سوال۶۲: سب سے پہلے قرآن کے حافظ کون ہیں؟
جواب: حضرت محمدؐ۔
سوال۶۳: حضرت محمدؐ کو قرآن پاک میں یٰاَیُّھَا النَّبِیُّ کہہ کر کتنی بار پکارا گیا ہے؟
جواب: گیارہ مرتبہ۔
سوال۶۴: حضرت محمدؐ کی وفات کس جگہ ہوئی تھی؟
جواب: حضرت عائشہ صدیقہؓ کے حجرے میں۔
سوال۶۵: اس غزوہ کا نام بتایئے جس میں حضرت محمدؐ کی مسلسل چار نمازیں قضا ہوئیں؟
جواب: غزوۂ احزاب میں۔
سوال۶۶: حضرت محمدؐ کو خندق کھودنے کا مشورہ کس نے دیا تھا؟
جواب: حضرت سلمان فارسیؓ نے۔
سوال۶۷: حضرت محمدؐ نے وہ کونسی صلح کی جو ایک کنویں کے نام پر ہے اور قرآن پاک میں اسے فتح مبین کہا گیا ہے؟
جواب: صلح حدیبیہ (حدیبیہ ایک کنویں کا نام تھا)۔
سوال۶۸: حضرت محمدؐ مکہ فتح کرنے کے بعد شہر میں داخل ہو رہے تھے تو کونسی سورہ تلاوت فرما رہے تھے؟
جواب: سورۂ فتح۔
سوال۶۹: حضرت محمدؐ نے جنگِ موتہ کے دن سیف اللہ کا لقب کس کو دیا تھا؟
جواب: حضرت خالد بن ولیدؓ کو۔
سوال۷۰: حضرت محمدؐ کے آخری غزوہ کا نام بتایئے؟
جواب: غزوۂ تبوک۔
سوال۷۱: حضرت محمدؐ نے امین الامت کا لقب کس صحابی کو عطا فرمایا تھا؟
جواب: حضرت ابوعبیدہؓ بن جراح کو۔

سوال۷۲:  حضرت محمدؐ نے غریب مہاجرین اور بعض انصار صحابہؓ  کے رہنے کے لئے ایک جگہ خاص کر دی تھی اس جگہ کو کونسا نام دیا گیا؟
جواب:  صفّہ۔
سوال۷۳:  ابتدائی مسلمانوں میں ان صحابی کا نام بتایئے، جو حضرت محمدؐ کے ہم عمر تھے؟
جواب: عمار بن یاسرؓ۔
سوال۷۴:  محبوبِ رسول کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟
جواب:  حضرت زیدؓ بن حارثہ کو۔
سوال۷۵:  کس صحابی کو رسولؐ کا حواری کہا جاتا تھا؟
جواب:  حضرت زبیر بن عوامؓ کو۔
سوال۷۷:  کس صحابی کو رسولؐ کا خلیل کہا جاتا ہے؟
جواب:  حضرت ابوذر غفاریؓ کو۔
سوال۷۸:  ازدواجِ مطہرات میں لکھنا کون جانتی تھیں؟
جواب:  حضرت حفصہؓ۔
سوال۷۹:  حضرت محمدؐ  کی ازواج میں سے عمدہ شاعرہ کون تھیں؟
جواب: حضرت عائشہؓ اور حضرت امّ سلمٰیؓ۔
سوال۸۰:  کس زوجۂ مطہرہ کے نکاح کے موقع پر پردہ کی آیت نازل ہوئی؟
جواب:  حضرت زینبؓ بنتِ جحش۔
سوال۸۱:  حضرت محمدؐ  کی ازواجِ مطہرات کو قرآن کی کس سورہ میں امت کی مائیں کہا گیا ہے؟
جواب: سورۂ احزاب آیت۴ میں (نبی کی بیویاں امت کی مائیں ہیں)
سوال۸۲:  ازواجِ مطہرات میں وہ کون تھیں جو مکمل حافظ قرآن تھیں؟
جواب: حضرت عائشہؓ، حضرت حفصہؓ، حضرت ام سلمٰیؓ۔
سوال۸۳:  حضرت محمدؐ کی وہ کونسی زوجہ تھیں، جنھیں جبرئیلؑ نے سلام کیا تھا؟
جواب:  حضرت خدیجہؓ اور حضرت عائشہؓ۔
سوال۸۴:  حضرت محمدؐ نے حضرت خدیجہؓ کی نمازِ جنازہ کیوں نہیں پڑھائی تھی، جبکہ ان کا انتقال آپؐ کی زندگی میں ہوا تھا؟
جواب:  جواب:  اس وقت تک نمازِ جنازہ فرض نہیں ہوئی تھی۔
سوال۸۵:  امہات المومنین میں کون تھیں جو حضرت محمدؐ کی پھوپھی زاد بہن تھیں؟

جواب: حضرت زینبؓ بنت جحش۔

سوال۸۶: حضرت محمدؐ کی ان پاک بیوی کا نام بتایئے جو جنگِ خیبر میں قید ہوکر آئی تھیں؟

جواب: حضرت صفیہؓ۔

سوال۸۷: نبیؐ نے ازواجِ مطہرات میں سے کس کی نمازِ جنازہ خود پڑھائی تھی؟

جواب: صرف حضرت زینبؓ بنت خزیمہ کی۔

سوال۸۸: حضرت محمدؐ کی وہ کونسی پاک بیوی ہیں جن کی اوڑھنی سے جنگِ بدر میں اسلامی پرچم بنایا گیا تھا؟

جواب: حضرت عائشہ صدیقہؓ۔

سوال۸۹: ازواجِ مطہرات میں سے ام المساکین کن کا لقب تھا؟

جواب: حضرت زینبؓ بنت خزیمہ کا۔

سوال۹۰: حضرت محمدؐ کے وصال کے وقت آپ کی کتنی ازواجِ مطہرات حیات تھیں؟

جواب: ۹ ۔

سوال۹۱: آخری حج میں حضرت محمدؐ کے ساتھ کتنی ازواجِ مطہرات تھیں؟

جواب: نو ازواجِ مطہرات۔

سوال۹۲: آپؐ کی ازواجِ مطہرات کی امتیازی شان کیا ہے؟

جواب: تمام ازواجِ مطہرات امت کی مائیں ہیں۔

سوال۹۳: حضرت محمدؐ کی وہ کون سی صاحبزادی ہیں جن کی کوئی اولاد نہیں تھی؟

جواب: حضرت ام کلثومؓ۔

سوال۹۴: حضرت محمدؐ کے وہ کون سے داماد ہیں جن کے نکاح میں آپؐ نے اپنی دو بیٹیاں دے دی تھیں؟ ان بیٹیوں کے نام بھی بتایئے؟

جواب: حضرت عثمانؓ جن کے نکاح میں آپؐ نے پہلے حضرت رقیہؓ اور ان کے انتقال کے بعد حضرت ام کلثومؓ کو دے دیا تھا۔

سوال۹۵: حضرت محمدؐ کی چھوٹی بیٹی حضرت فاطمہؓ کے شوہر کا نام بتایئے؟

جواب: حضرت علیؓ۔

سوال۹۶: حضرت محمدؐ کے اس بیٹے کا کیا نام ہے جن کی وفات کے دن اتفاق سے سورج گرہن ہو گیا تھا؟

جواب: حضرت ابراہیمؓ۔

سوال۹۷: حضرت محمدؐ کی وہ کونسی بیٹی ہیں جن سے آپؐ نے اپنے مرض الموت میں کان میں بات کی تھی؟

جواب: حضرت فاطمہؓ۔

سوال۹۸: حضرت محمدؐ جب کبھی سفر سے واپس تشریف لاتے تو اپنے گھر جانے سے پہلے عام طور پر کس کے گھر تشریف لے جاتے تھے؟

جواب: حضر فاطمہؓ کے گھر۔

سوال۹۹: حضرت محمدؐ نے اپنے وصال سے چند لمحات قبل کیا فرمایا تھا؟

جواب: نماز، نماز، اور تمہارے لونڈی غلام، یعنی نماز کی پابندی کرو اور اپنی باندیوں اور غلاموں کا خیال رکھنا۔

سوال۱۰۰: دو کے علاوہ حضرت محمدؐ کی ساری اولاد مدینہ میں دفن ہیں۔ بتایئے وہ دو کون ہیں اور ان کا مدفن کہاں ہے؟

جواب: حضرت قاسمؓ اور حضرت عبداللہؓ مکہ میں جنت المعلٰی میں دفن ہوئے۔

سوال۱۰۱: حضورؐ کے لئے سب سے پہلا شاہی تحفہ کس نے بھیجا؟

جواب: نجاشی نے جو حبش کا بادشاہ تھا۔

سوال۱۰۲: حضورؐ نے حج فرض ہونے سے پہلے کتنے حج کئے تھے؟

جواب: دو ۔

سوال۱۰۳: حضورؐ کو کون سی خوشبو زیادہ پسند تھی؟

جواب: مشک اور عود کی۔

سوال۱۰۴: حضورؐ کا ہنسنا کیسا تھا؟

جواب: آپ صرف مسکراتے تھے، قہقہہ مار کر نہیں ہنستے تھے۔

سوال۱۰۵: حضورؐ کا رونا کیسا تھا؟

جواب: آواز پیدا نہ ہوتی تھی، صرف آنسو بہہ جاتے تھے اور سینے سے رونے کی ہلکی ہلکی آواز آتی تھی۔

سوال۱۰۶: حضورؐ خود سفر کے لئے کون سا دن پسند فرماتے تھے؟

جواب: جمعرات کا دن۔

سوال۱۰۷: حضورؐ پر آخری وحی کون سی نازل ہوئی تھی؟

جواب: سورۂ بقرہ کی آیت نمبر ۲۸۱۔

سوال۱۰۸: حضورؐ کے روضہء اقدس میں اور کون کون دفن ہیں؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمر فاروقؓ۔

سوال۱۰۹: حضورؐ کا تعلق قبیلہء قریش سے تھا۔ لفظ قریش کے کیا معنیٰ ہیں؟

جواب: تجارت کرنا، طاقتور جانور۔

سوال۱۱۰: حضورؐ کی والدہ کا انتقال دورانِ سفر ہوا تھا تو آپؐ کو ابواء سے مکہ معظّمہ کون لایا تھا۔

جواب: حضرت اُمّ ایمنؓ۔
سوال۱۱۱: حضورؐ حضرت ام ایمنؓ کا بہت احترام کرتے تھے آپ ان کے بارے میں کیا فرماتے تھے؟
جواب: "یہ میری والدہ کے بعد میری ماں ہیں۔"
سوال۱۱۲: نبی اکرمؐ کی بیویوں کو کیا کہا جاتا ہے؟
جواب: ازواجِ مطہرات۔
سوال۱۱۳: زمانہءاسلام سے پہلے خانہءکعبہ کو پہلی بار ریشمی غلاف کس نے پہنایا؟
جواب: حضرت عباسؓ کی والدہ نتیلہ۔
سوال۱۱۴: حضورؐ کے اس چچازاد بھائی کا نام بتایئے جن کی شہادت کا آپ کو بہت سخت صدمہ ہوا تھا؟
جواب: حضرت جعفرؓ۔
سوال۱۱۵: حضورؐ کے دادا کا انتقال کس عمر میں ہوا تھا؟
جواب : ۱۱۰ سال کی عمر میں۔
سوال۱۱۶: حضورؐ نے اپنے کس چچازاد بھائی کو "ابوتراب" کا لقب دیا تھا؟
جواب: حضرت علیؓ کو۔
سوال۱۱۷: حضورؐ کی پیدائش کی خبر آپ کے دادا کو کس نے دی تھی؟
جواب: آپ کے والد ماجد کی کنیز اُم ایمنؓ۔
سوال۱۱۸: حضورؐ کا اسم گرامی احمد کس نے رکھا تھا؟
جواب: آپ کی والدہ بی بی آمنہ نےؓ۔
سوال۱۱۹: احمد کے کیا معنیٰ ہیں؟
جواب: بہت زیادہ تعریف کیا گیا۔
سوال۱۲۰: حضورؐ کے کون سے چچا آپ کے رضاعی بھائی بھی تھے؟
جواب: حضرت حمزہؓ۔
سوال۱۲۱: حضرت حلیمہ سعدیہؓ کی کون سی صاحبزادی آپ کو گود میں کھلایا کرتی تھی؟
جواب: حضرت شیماءؓ۔
سوال۱۲۲: حضورؐ کا اسمِ گرامی جنت والوں کے نزدیک کیا ہے؟
جواب: عبدالکریم۔

سوال۱۲۳: دوزخ والوں کے نزدیک آپ کا اسمِ گرامی کیا ہے؟

جواب: عبدالجبار۔

سوال۱۲۴: الہامی کتاب انجیل میں آپ کا اسم گرامی کیا آیا ہے؟

جواب: طاب۔

سوال۱۲۵: کس الہامی کتاب میں آپ کا اسمِ گرامی فارِقلیط آیا ہے؟

جواب: زبور میں۔

سوال۱۲۶: الہامی کتاب توریت میں آپ کا اسمِ گرامی کیا آیا ہے؟

جواب: معاذ۔

سوال۱۲۷: فارِقلیط کے کیا معنیٰ ہیں؟

جواب: حق وصداقت کی روح۔

سوال۱۲۸: حضورؐ نے پہلا تجارتی سفر کہاں کا کیا تھا؟

جواب: مُلکِ شام۔

سوال۱۲۹: تجارتی سفر میں آپؐ کی ملاقات کس راہب سے ہوئی تھی؟

جواب: بُحیرہ نامی راہب سے۔

سوال۱۳۰: جب آپؐ نے پہلا تجارتی سفر کیا تھا اس وقت آپ کی عمر کیا تھی؟

جواب: ۱۲سال۔

سوال۱۳۱: ابتدائے اسلام میں کتنی نمازیں فرض تھیں؟

جواب: دونمازیں......... دو رکعت صبح اور دو رکعت شام کی۔

سوال۱۳۲: اُس کافر کا نام بتایئے جس نے حرم کعبہ میں عین سجدے کی حالت میں حضورؐ کے گلے میں اپنی چادر ڈال کر کھینچا تھا؟

جواب: عقبہ بن ابی معیط۔

سوال۱۳۳: وہ کانسا پہلا اظہارِ فخر تھا جو آپ کی نگاہ میں قبول ہوا؟

جواب: غزوۂ احد میں ابودجانہؓ کا آپؐ کی تلوار لے کر اکڑ کر چلنا۔

سوال۱۳۴: حضورؐ کی قبر مبارک کے متعلق جب صحابہ کرامؓ میں اختلاف ہوا کہ اسے کہاں کھودا جائے تو آخر کس نے آخری فیصلہ کن بات کہی تھی؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ نے۔

سوال ۱۳۵: حضورؐ کے روضہء مبارک (حجرۂ حضرت عائشہؓ) کا دروازہ کب بند کیا گیا تھا؟

جواب: جب حضرت عائشہؓ کا انتقال ہوا تب۔

سوال ۱۳۶: حضرت علیؓ کی ولادت کہاں ہوئی تھی؟

جواب: خانہء کعبہ میں۔

سوال ۱۳۷: حضورؐ نے اپنا جبہ مبارک وفات سے قبل کس صحابی تک پہنچانے کی وصیت کی تھی؟

جواب: حضرت اویس قرنیؒ۔

سوال ۱۳۸: سب سے پہلے بیت المال کس خلیفہء راشد کے دور میں قائم کیا گیا؟

جواب: حضرت عمر فاروقؓ کے دور میں۔

سوال ۱۳۹: کس غزوہ میں حضرت حمزہؓ نے دو تلواروں سے جنگ کی تھی؟

جواب: غزوۂ بدر میں۔

سوال ۱۴۰: کن صحابی کے ایمان لانے کے بعد کفار مکہ نے کہا تھا کہ آج مسلمانوں نے ہم سے بدلہ لے لیا؟

جواب: حضرت عمر فاروقؓ۔

سوال ۱۴۱: غزوۂ بدر میں مسلمانوں کا نعرہ کیا تھا؟

جواب: احد احد۔

سوال ۱۴۲: حضرت فاطمہؓ حضورؐ کی وفات کے بعد کتنا عرصہ زندہ رہیں؟

جواب: چھ ماہ۔

سوال ۱۴۳: حضورؐ کس سن نبوی میں طائف کی طرف روانہ ہوئے تھے؟

جواب: ۱۰ نبوی کو۔

سوال ۱۴۴: حضورؐ نے طائف میں کتنے دن قیام کیا؟

جواب: دس دنوں تک۔

سوال ۱۴۵: طائف والوں کے ظلم و ستم سے بچنے کے لئے حضورؐ نے کہاں پناہ حاصل کی؟

جواب: ایک باغ میں۔

سوال ۱۴۶: باغ کے مالک نے حضورؐ کو کھانے کے لئے کیا بھیجا تھا؟

جواب: انگور۔

سوال ۱۴۷: حضورؐ طائف سے واپسی پر کون سی سورت تلاوت فرمائی تھی؟

جواب: سورۂ جن۔

سوال ۱۴۸: سورۂ جن سے متاثر ہو کر جنات نے کیا کیا؟

جواب: انہوں نے اسلام قبول کیا۔

سوال ۱۴۹: شاعرِ رسول کس کو کہا جاتا ہے؟

جواب: حسان بن ثابتؓ کو۔

سوال ۱۵۰: حضورؐ کے وصال کے وقت مدینہ منورہ میں کتنی مسجدیں تھیں؟

جواب: دس مسجدیں۔